# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 11 September-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۱ستمبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::::سرخیاں:::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ CPRI منصوبے سے برقی مصنوعات کے شعبے کوفروغ ملے گا۔وزیر اعلیٰ کا اظہار خیال۔

☆ ’’نوPUC نو فیول‘‘ مہم پرعمل درآمد ریاستی حکومت کے زیر غور۔

☆ ریزرویشن کے معاملے میں OBC کے ساتھ نا انصافی نہیں ہوگی۔وزیر محصول باون کُڑے کا تیقن۔

☆ عوامی تحفظ قانون منسوخ کرنے کے مطالبے پر مہاوکاس آگھاڑی کی جانب سے ریاست بھر میں مظاہرے۔

اور۔۔۔☆ ایشیاء کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں بھارت کا فاتحانہ آغاز۔یواے ای کے خلاف 9 وکٹ سے فتح۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ مرکزی توانائی تحقیقاتی ادارے CPRI کے برقی مصنوعات وآلات کی جانچ کرنے والی تجربہ گاہ کے باعث ریاست کے برقی مصنوعات بنانے کے شعبے کوفروغ ملے گا۔ناسک ضلع کے شیلا پور میں کل اس منصوبے کا افتتاح مرکزی وزیر توانائی منوہر لال کھٹر کے ہاتھوں عمل میں آیا۔اس موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پھڑنویس نے کہا کہ چھترپتی سمبھاجی نگر سمیت ریاست میں الیکٹرک گاڑیوں کے شعبے میں سرمایہ کاری میں بڑے پیمانے پر اضافہ ہوا ہے۔

پھڑنویس نے کہا کہ ریاست میں ٹرانسفارمرز اور اسمارٹ میٹرز جیسی صنعتوں کو ان آلات کی جانچ کے لیے حیدرآباد اور بھوپال جانا پڑتا تھا جس کے سبب قیمتوں میں اضافے کا سرمایہ کاری پر اثر پڑ رہا تھا۔لیکن ریاست میں اس تجربہ گاہ کے آنے سے آسانی ہوگی۔

***** ***** *****

غیر ملکی صنعتوں کے اسکل ورکرز کی ضرورت کو ذہن میں رکھتے ہوئے آئی ٹی آئی کو نصاب میں شامل کرنے کا حکم وزیر اعلیٰ نے دیا ہے۔کل اس سلسلے میں ممبئی میں منعقدہ ایک اجلاس سے وہ خطاب کر رہے تھے۔سرکاری صنعتی تربیتی اداروں کے ساتھ ساتھ خانگی اداروں کے لیے بھی ایک موثر نظام تیار کرنے ،آئی ٹی آئی کے قلیل مدتی نصاب کوموثر بنانے کا وزیر اعلیٰ نے حکم دیا۔

***** ***** *****

وزیر برائے حمل ونقل پرتاپ سرنائیک نے ہدایت دی ہے کہ ماحولیات کو آلودگی سے بچانے کے لیے مستقبل میں ہر پیٹرول پمپ پر’’نوPUC نو فیول‘‘ مہم پرسختی سے عمل درآمد کیا جائیگا۔وہ کل ٹرانسپورٹ کمشنوریٹ میں منعقدہ ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔انہوں نے بتایا کہ ہر پیٹرول پمپ پر ایندھن بھروانے کے لیے آنے والی گاڑیوں کے رجسٹریشن نمبر کی CCTV کیمرے کے ذریعے جانچ کی جائے گی اور اس سے گاڑیوں کے PUC کے

زائدالمیعاد ہونے کا پتہ چلے گا۔جس کے بعد پیٹرول پمپ پر موجود سہولت کے ذریعے PUC حاصل کی جاسکتی ہے۔اس طرح کا میکانزم حکومت کے زیر غور ہے۔

انہوں نے کہا کہ گاڑیوں کی فروخت اور درستگی کے مراکز پر بھی PUC کی سہولت دستیاب ہوگی۔انہوں نے غیر قانونی طور پر PUC جاری کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کا انتباہ بھی دیا۔

***** ***** *****

او بی سی کی کابینی کمیٹی کے سربراہ اور وزیرمحصول چندر شیکھر باون کڑے نے اس یقین دہانی کا اعادہ کیا ہے کہ ریزرویشن کے معاملے میں او بی سی کے ساتھ کوئی ناانصافی نہیں کی جائے گی۔ وہ کل اس ذیلی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے بتایا کہ جن افراد کا کنبی کی حیثیت سے اندراج ہے۔انہیں ہی سرکاری حکم نامے کے مطابق صداقت نامہ دیا جائے گا۔اور جعلی اندراج نہیں ہوگا۔علاوہ ازیں سب ڈویژنل افسران کو احتیاط برتنے کی ضرورت پر بھی کمیٹی کے تمام ارکان نے زور دیا۔

***** ***** *****

عوامی سلامتی قانون منسوخ کرنے کے مطالبے پر کل ریاست کے مختلف مقامات پر احتجاجی مظاہرے کیے گئے۔چھترپتی سمبھا جی نگر کرانتی چوک پر مہاوکاس آگھاڑی کی جانب سے مظاہرہ کیا گیا اور حکومت کو انتباہ دیا گیا کہ اگر مطالبہ تسلیم نہ کیا جاتا ہے تو اس احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا۔بیڑ میں مہاوکاس آگھاڑی کی جانب سے ضلع کلکٹر دفتر پر جلوس نکالا گیا۔پربھنی میں بھی مظاہرے کے بعد ضلع کلکٹر کو محضر پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرمملکت برائے ماحولیات پنکج چودھری نے کہا ہے کہ اشیاء وخدمات ٹیکس جی ایس ٹی کی شرح میں کی گئی کمی کے باعث عوام کی قوت خرید میں اضافہ ہوگا۔پرسار بھارتی کو دیئے گئے انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بازاروں میں خریداری میں اضافے کے نتیجے میں پیداوار میں بھی اضافہ ہوگا۔جس سے روزگار پیدا ہونگے۔انہوں نے کہا۔۔۔

**Byte: Pankaj Chaudhary, Central Minister for Environment.**

***** ***** *****

کرشنا مراٹھواڑہ آبپاشی منصوبے کے اسکیم نمبر دو میں رام دارا تا اکیور کا مرحلے کے چھٹے نمبر کے کام کو حکومت نے منظوری دی ہے۔''متر'' کے نائب صدر اور رکن اسمبلی راناجگجیت سنگھ پاٹل نے کل تلجہ پور میں یہ اطلاع دی۔انہوں نے بتایا کہ اسکے بعد 35 دیہاتوں کو آبپاشی کی سہولت دستیاب ہوگی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ایشیاء کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں بھارت نے اپنے افتتاحی میچ میں میزبان متحدہ عرب امارات کو نو وکٹوں سے بہ آسانی شکست دے دی۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے متحدہ عرب امارات کی ٹیم نے محض 57 رن بنائے اور آؤٹ ہوگئی۔جواب میں بھارت نے یہ ہدف صرف پانچویں اوور میں ہی حاصل کرلیا۔ابھیشیک شرما نے بھارت کے لیے 16 گیندوں میں صرف 30 رن بنائے۔کلدیپ یادو نے صرف سات رن دیکر یو اے ای کے چار کھلاڑی آؤٹ کیے۔بھارت کا اگلا میچ 14 ستمبر کو پاکستان کے خلاف ہوگا۔

***** ***** *****

لاتور میونسپل کارپوریشن کے بیڑے میں سیوریج مینجمنٹ اور پانی کو دوبارہ قابل استعمال بنانے کی صلاحیت رکھنے والی دو مشینیں شامل کی گئیں۔ میونسپل کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر مالنی کے ہاتھوں کل ان مشینوں کا افتتاح عمل میں آیا۔ ان نئی مشینوں کے ذریعے زیر زمین نالیوں اور ڈرینج کی صفائی نسبتاً آسان ہو جائے گی۔

***** ***** *****

بیڑ شہر کو پانی فراہم کرنے والے ایٹ میں واقع واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کے نئے برقی فیڈر کنکشن کے کام کا کل رکن اسمبلی سندیپ شِرساگر کے ہاتھوں افتتاح ہوا۔ اس نئے کنکشن سے پلانٹ کو 24 گھنٹے بلا تعطل بجلی ملے گی اور پانی کی فراہمی بھی کی جا سکے گی۔

***** ***** *****

ڈویژن میں یلدری ڈیم سے تقریباً دو ہزار اور عیسی پور ڈیم سے تقریباً ساڑھے آٹھ ہزار کیوسک پانی چھوڑا جا رہا ہے۔ دریں اثناء پانی کے آمد کے سلسلے میں کمی کے باعث پیٹھن کے جائیکواڑی آبی منصوبے سے پانی کے اخراج کو روک دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

موسم:

ریاست میں آج وِدربھ، مراٹھواڑہ اور مغربی مہاراشٹر کے کچھ اضلاع میں بارش کا یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ مراٹھواڑہ کے پربھنی، ہنگولی، ناندیڑ، لاتور، دھاراشیو اور بیڑ اضلاع میں بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ CPRI منصوبے سے برقی مصنوعات کے شعبے کو فروغ ملے گا۔ وزیر اعلیٰ کا اظہار خیال۔
- ☆ ''نو PUC نو فیول'' مہم پر عمل درآمد ریاستی حکومت کے زیر غور۔
- ☆ ریزرویشن کے معاملے میں OBC کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی۔ وزیر محصول باون کُڑے کا تیقن۔
- ☆ عوامی تحفظ قانون منسوخ کرنے کے مطالبے پر مہاوکاس آگھاڑی کی جانب سے ریاست بھر میں مظاہرے۔

اور۔۔۔☆ ایشیاء کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں بھارت کا فاتحانہ آغاز۔ یو اے ای کے خلاف 9 وکٹ سے فتح۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****